**نوٹ:** ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1:

-1 "دفتر" گرامر کی رُو سے ہے:
(A) ظرف مکان (B) ظرف زمان (C) ظرف ایران (D) عالی ظرف

-2 اسم جامد ہیں:
(A) اینٹ، پہاڑ، مسکراہٹ (B) اینٹ، پہاڑ، بچھونا
(C) اینٹ، پہاڑ، درخت (D) اینٹ، پہاڑ، نمکدان

-3 صفت اصلی کے درجے ہیں:
(A) تین (B) دو (C) ایک (D) چار

-4 درست تلفظ کی نشاندہی کیجیے:
(A) اِظْہَارْ (B) اِظہَارْ (C) اَظْہَارْ (D) اُظْہَارْ

-5 درست تلفظ کی نشاندہی کیجیے:
(A) تِلَاوَتْ (B) تَلاوِت (C) تَلَاوَتْ (D) تّلاوَتَ

-6 قلم کو اہلِ علم کی محفل میں شرکت کے لیے کہاں جانا پڑا تھا؟
(A) لاہور (B) اسلام آباد (C) اندرون سندھ (D) بیرون ملک

-7 روح کو محبت کا مزا کب ملتا ہے؟
(A) دل کی ہمسائیگی میں (B) ہجر و فراق میں
(C) وصال میں (D) تنہائی اور یکسوئی میں

-8 نظم "اونٹ کی شادی" کے پہلے مصرعے میں آج کے پرچے سے مراد ہے:
(A) آج کا اخبار (B) رسالہ
(C) امتحانی پرچہ (D) پولیس کا پرچہ (F.I.R)

-9 پاکستان نے بچھڑے اور بکھرے ہوؤں کو:
(A) متحد کیا (B) ایک مرکز پر لا کھڑا کیا
(C) شادکام کیا (D) گھر دیا

-10 سبق "مرزا محمد سعید" کس ادیب کی تحریر ہے؟
(A) نذیر احمد دہلوی (B) شاہد احمد دہلوی (C) اشرف صبوحی (D) مولوی عبدالحق

-11 اکبر کے آخری دور میں اسلام کی سربلندی کے لیے کون سی ہستی ظاہر ہوئی؟
(A) حضرت علی ہجویریؒ (B) شاہ شمس تبریزؒ (C) میاں میرؒ (D) حضرت مجدد الف ثانیؒ

-12 حسن نظامی نے دِلّی کے جو نوحے لکھے ان میں کون سی چیز نمایاں ہے؟
(A) عظمتِ رفتہ (B) احساس شادمانی (C) عید کا ذکر (D) لطف و مسرت

-13 سجاد حیدر یلدرم کا عرصۂ حیات تھا:
(A) ۱۸۸۰ء تا ۱۹۳۰ء (B) ۱۸۸۰ء تا ۱۹۴۷ء (C) ۱۹۰۰ء تا ۱۹۴۳ء (D) ۱۸۸۰ء تا ۱۹۴۳ء

-14 سبق "طمع" کے ماخذ کا نام کیا ہے؟
(A) وہ لوگ (B) سب افسانے میرے (C) ہائے اللہ (D) چوری چھپے

-15 چغل خور نے کیا بتایا کہ کوڑھی کا جسم ہو جاتا ہے؟
(A) نمکین (B) میٹھا (C) کھٹا (D) کڑوا

eduvision.edu.pk

# ساہیوال بورڈ 2019ء (پہلا گروپ)

رول نمبر (ہندسوں میں) ________ رول نمبر (لفظوں میں) ________ دستخط نائب ناظم امتحان: ________

وقت: 2:10 گھنٹے **انشائی طرز (حصہ اول)** کل نمبر: 60

**سوال نمبر 2: درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے):** 10

**﴿حصہ نظم﴾**

(i) یہ سرد و گرم، خشک و تر، اُجالا اور تاریکی  
نظر آتی ہے سب میں شان اُسی ذاتِ باری کی

(ii) اُڑتی تھی خاک، خشک تھا چشمہ حیات کا  
کھولا ہوا تھا دھوپ سے پانی فُرات کا

(iii) یہ سعادت حُورِ صحرائی! تری قسمت میں تھی  
غازیانِ دیں کی سقائی ، تری قسمت میں تھی

(iv) بُرے بنے کو مُبارک یہ خوش گوار گھڑی  
کہ سر کا درد بڑھا ناک میں نکیل پڑی

**﴿حصہ غزل﴾**

(v) مَیں درماندہ اُس بارگاہِ عطا کا  
گنہ گار ہوں، اک خطا ہو گئی ہے

(vi) بات یہ ہے کہ سکونِ دِلِ وحشی کا مقام  
کُنجِ زنداں بھی نہیں وُسعتِ صحرا بھی نہیں

(vii) تھے کتنے ستارے کہ سرِ شام ہی ڈوبے  
ہنگامِ سَحر کتنے ہی خورشید ڈھلے ہیں

## (حصہ دوم)

**سوال نمبر 3: درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے:** 5 ، 5

(الف) 1857ء کی جنگِ آزادی میں مسلمانوں نے پر اپنے قدم جمانے کی کوشش کی لیکن انگریزی اقتدار مستحکم ہو چکا تھا اس لیے انھیں کامیابی نہ ہو سکی۔ اس زمانے میں سرسید نے مجبوراً انگریزوں سے مفاہمت کو غنیمت جانا اور مسلمان قوم کی اخلاقی اور تہذیبی اصلاح پر توجہ دی اور ان کے دلوں سے احساس کمتری کو دُور کرنے کی کوشش بھی کی۔

(ب) وہ بہت سادہ مزاج ، بھولا بھالا اور منکسر المزاج تھا۔ اُس کے چہرے پر بشاشت اور لبوں پر مسکراہٹ کھلتی رہتی تھی۔ چھوٹے بڑے ہر ایک سے جھک کر ملتا۔ غریب تھا اور تنخواہ بھی کم تھی، اس پر بھی اپنے غریب بھائیوں کی بساط سے بڑھ کر مدد کرتا رہتا تھا۔

**سوال نمبر 4: درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے:** 10

(i) نظریۂ پاکستان کا مقصد کیا ہے؟  
(ii) پرستان کے پھلوں کی خاص بات کیا تھی؟  
(iii) چغل خور نے کسان کی بیوی کو کیا کہہ کر بدگمان کیا؟  
(iv) حکیم محمد سعید کس صوبے کے گورنر رہے اور ان کی وفات کیسے ہوئی؟  
(v) مرزا غالب نے میر مہدی حسین مجروح کو خط بیرنگ کیوں بھیجا؟  
(vi) نعت کے دوسرے شعر کے مطابق کس کو سکون ملا ہے؟  
(vii) میر انیس کا اصل نام کیا تھا اور اُن کی وجہ شہرت کیا تھی؟  
(viii) غزل میں شاعر منزلِ مقصود پر پہنچنے کے لیے پُرامید کیوں ہے؟

**سوال نمبر 5: کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔** (i) اُردو ادب میں عیدالفطر (ii) چغل خور 5

**سوال نمبر 6: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔** (i) قائداعظمؒ (ii) شہری زندگی مسائل (iii) وقت کی پابندی 15

**سوال نمبر 7: درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔** 10

پنجاب کی حد ان دنوں میں غزنی کی حد تک پھیلی ہوئی تھی اور یہاں کا راجا جے پال تھا۔ جب مسلمانوں کے قدم آگے بڑھتے معلوم ہوئے تو اس نے غزنی پر ایک بھاری فوج سے چڑھائی کی۔ چنانچہ دفعتاً ملغان پر جا کر ڈیرے ڈال دیئے اور پشاور سے کابل تک برابر لشکر پھیلا دیا۔ اِدھر سے سبکتگین بھی نکلا۔ چنانچہ دونوں فوجیں آمنے سامنے پڑی تھیں اور ایک دوسرے کی پیش دستی کی منتظر تھیں کہ دفعتاً آسمان سے گولے پڑنے لگے یعنی بے موسم برف گرنی شروع ہو گئی۔ وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے انھیں خبر بھی نہ ہوئی، ہندوستانی بے چارے اپنے لحاف اور رضائیاں ڈھونڈنے لگے، مگر وہاں رضائی کا گزارہ کہاں، سیکڑوں اکڑ کر مر گئے، ہزاروں کے ہاتھ پاؤں رہ گئے، جو بچے ان کے اوسان جاتے رہے۔

سوالات:  
(i) کس زمانے میں پنجاب کی حدود غزنی تک پھیلی ہوئی تھیں؟  
(ii) ''وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے'' کا کیا مطلب ہے؟  
(iii) جے پال کون تھا اور سبکتگین کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟  
(iv) وہاں رضائی کا گزارہ کیوں نہیں تھا؟  
(v) جے پال اور سبکتگین میں جنگ کیوں نہ ہوئی؟

eduvision.edu.pk

**نوٹ:** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1: 15

-1 میر انیس کی وجہِ شہرت ہے:
(A) غزل گوئی (B) سپہ گری (C) مرثیہ گوئی (D) قصیدہ

-2 اُردو میں قیدِ آزادی کسے کہتے ہیں؟
(A) قیدِ بامشقت کو (B) شادی خانہ آبادی کو
(C) جرم کی سزا کو (D) آزادی کے خاتمہ کو

-3 فتنۂ قیامت کا سلسلہ کس سے ملتا ہے؟
(A) محبوب کی خوش قامتی سے (B) خوش ادائی سے
(C) انگڑائی سے (D) محفل آرائی سے

-4 "نیک ترین" قواعد کی رو سے ہے:
(A) صفتِ نفسی (B) صفتِ نسبتی (C) صفتِ بعض (D) صفتِ کُل

-5 اسمِ مفعول کی اقسام ہیں:
(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

-6 "اُس نے لکھا" جملہ ہے:
(A) ماضی بعید کا (B) ماضی قریب کا (C) ماضی مطلق کا (D) ماضی استمراری کا

-7 "معذرت" کا درست تلفظ ہے:
(A) مَعْذِرَتْ (B) مِعْذَرَتْ (C) مَعَذِرتْ (D) مَعْذُرَتْ

-8 "عقل" کا درست تلفظ ہے:
(A) عَقُلْ (B) عَقِلْ (C) عَعَلْ (D) عَقْلْ

-9 مرزا محمد سعید کے بقول انسان کس لیے کام کرتا ہے؟
(A) شہرت (B) دولت (C) عزت اور وقار (D) شہرت اور دولت

-10 سید احمد بریلویؒ اور شاہ اسمٰعیل کب شہید ہوئے؟
(A) 1821ء (B) 1831ء (C) 1841ء (D) 1857ء

-11 سبق "استنبول" کس کی تحریر ہے؟
(A) ڈاکٹر محمد سعید (B) اختر ریاض الدین
(C) قدرت اللہ شہاب (D) سجاد حیدر یلدرم

-12 ایک دن پاکستانی بچے قیام کریں گے:
(A) منزل پر (B) راستے پر (C) دشت میں (D) گھر میں

-13 رشید احمد صدیقی نے اپنے خط میں کس کے گراں بار احسانات کا شکریہ ادا کیا؟
(A) مولانا ضیا احمد (B) ڈاکٹر محمد حسن (C) ظہیر احمد صدیقی (D) سید بشیر الدین

-14 مصنف نے کس معصیت کو فقیر کے لیے لعنت تصور کیا ہے؟ (A) روٹی کی محتاجی (B) دوست کا نہ ہونا (C) غریب الوطنی (D) بھیک مانگنا

-15 نظم "کسان" جوش ملیح آبادی کے کون سے مجموعہ کلام سے لی گئی ہے؟
(A) حرف و حکایت (B) شعلہ و شبنم (C) جذباتِ فطرت (D) سنبل و سلاسل

eduvision.edu.pk

# ساہیوال بورڈ 2019ء (دوسرا گروپ)

رول نمبر (ہندسوں میں) __________ رول نمبر (لفظوں میں) __________ دستخط نائب ناظم امتحان: __________

وقت: 2:10 گھنٹے — **انشائی طرز (حصہ اول)** — کل نمبر: 60

**سوال نمبر 2: درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے):** 10

**﴿حصہ نظم﴾**

| | | |
|---|---|---|
| (i) | زمیں پر جلوہ آرا ہیں مظاہر اس کی قدرت کے | بچھائے ہیں اسی داتا نے دستر خوان نعمت کے |
| (ii) | دو عالم کا امدادگار آ گیا ہے | امین آ گیا، غم گسار آ گیا ہے |
| (iii) | آبِ خنک کو خلق ترستی تھی خاک پر | گویا ہوا سے آگ برستی تھی خاک پر |
| (iv) | یہ سماں اور اک قوی انسان، یعنی کاشت کار | ارتقا کا پیشوا، تہذیب کا پروردگار |

**﴿حصہ غزل﴾**

| | | |
|---|---|---|
| (v) | مصیبت بھی راحت فزا ہو گئی ہے | تری آرزو رہنما ہو گئی ہے |
| (vi) | آج کیا بات ہے کہ پھولوں کا | رنگ، تیری ہنسی سے ملتا ہے |
| (vii) | جو جھیل گئے ہنس کے کڑی دھوپ کے تیور | تاروں کی خنک چھاؤں میں وہ لوگ چلے ہیں |

## (حصہ دوم)

**سوال نمبر 3: درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے:** 5 ، 5

(الف) سلیمانیہ سے ملحق ایک بڑا کتب خانہ ہے۔ یہاں مخطوطات کا سب سے بڑا ذخیرہ محفوظ ہے۔ اندازے کے مطابق ایک لاکھ قلمی کتابیں یہاں ہیں اور نہایت ترتیب و تنظیم سے رکھی ہوئی ہیں۔ جب میں اپنے رفیقوں کو باسفورس، گولڈن ہارن اور ایاصوفیہ کی سیر کراتا ہوا یہاں سے سلیمانیہ میں لایا تو سب کی حیرت و مسرت کی کوئی انتہا نہ رہی۔

(ب) مسلمانوں نے ہمیشہ رواداری کو اپنا شیوہ بنایا ہے لیکن جب کفر و باطل غلبہ حاصل کرنا چاہتا ہے تو مسلمان اس کے مقابلے کے لیے ڈٹ کر کھڑا ہو جاتا ہے۔ بادشاہ اکبر کی بے جا رواداری اور ملکی سیاست میں ہندوؤں کے عمل دخل کی وجہ سے ملک میں کافرانہ طور طریقے اس قدر رائج ہو گئے تھے۔

**سوال نمبر 4: درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے:** 10

(i) مرزا محمد سعید نے کس کالج میں تدریسی فرائض انجام دیے؟

(ii) علامہ اقبالؒ نے برصغیر کے مسلمانوں کے لیے الگ وطن کا مطالبہ کب اور کہاں کیا؟

(iii) عیدالفطر کے موقع پر شہزادوں اور شہزادیوں کا ذکر کرتے ہوئے، خواجہ حسن نظامی نے کیا نکتہ اُجاگر کیا ہے؟

(iv) چاندنی چوک میں فقیر کی تقریر کا لبِ لباب کیا تھا؟

(v) مولوی عبدالحق کے مطابق درجۂ کمال تک کیسے پہنچا جا سکتا ہے؟

(vi) علامہ اقبالؒ کی نظم "فاطمہ بنتِ عبداللہ" میں "تازہ انجم کے ظہور" کا مفہوم واضح کیجیے۔

(vii) نظم "مال گودام روڈ" میں گھوڑوں پر کیا بیتی؟

(viii) فراق گورکھ پوری نے سر اور دل میں کس چیز کی کمی کا ذکر کیا ہے؟

**سوال نمبر 5: کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔** (i) پرستان کی شہزادی (ii) نام دیو مالی 5

**سوال نمبر 6: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔** (i) محنت کی برکتیں (ii) شہری زندگی کے مسائل (iii) ترقی کرنے کے اصول 15

**سوال نمبر 7: درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔** 10

سکون کے وقت سمندر کا دیدار آنکھوں کو فرحت بخشنے والی چیز ہے۔ تختۂ جہاز پر کھڑے ہو کر دیکھیں تو لہروں کا ایک لاتعداد سلسلہ نظر آتا ہے، جو ہوا کے نرم نرم جھونکوں کے اثر سے سمندر پر قریب قریب ہر وقت آتے رہنے سے ایک دوسرے کے پیچھے حلقے بناتا چلا جاتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ لہریں ایک دوسری کے پیچھے دوڑ رہی ہیں۔ صبح کے وقت جب آفتاب نکلتا ہے اور اچھلتی ہوئی لہروں کی سفید جھاگ پر اس کی کرنیں پڑتی ہیں تو قوس قزح کے سارے رنگ دفعتاً شفاف پانی کے تختوں پر چمک جاتے ہیں اور دُور اُفق کے قریب تو سنہری روپہلی فرش بچھا ہوا نظر آتا ہے گویا شاہ خاور کے خیر مقدم کے لیے سامان ہو رہا ہے۔

**سوالات:**

(i) سکون کے وقت سمندر کا نظارہ کیسا ہوتا ہے؟

(ii) تختۂ جہاز سے سمندر کیسا نظر آتا ہے؟

(iii) صبح کے وقت سمندر کا منظر کیسا ہوتا ہے؟

(iv) دور افق کے قریب کیا نظر آتا ہے؟

(v) عبارت کا عنوان لکھیے۔

eduvision.edu.pk